22852 ـ کیاجنسی ویب سائٹس والوں کو نصیحت کی جاسکتی ہے؟

سوال

میں اللہ تعالی کی مشیئت سے چاہتا ہوں کہ جنسی ویب سائٹس والے کفارکودعوت الی اللہ کا کام کروں توآپ کی اس بارہ میں ہمیں کیا نصیحت ہے ۔۔۔ میرے پاس ایک مفکرہ مسلم جوانگریزی زبان میں تفسیرقرآن پرمشتمل ہے فضیلۃ الشیخ آپ کی کیا راہنمائ ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم آپ کویہ نصیحت کرتے ہیں کہ آپ ان ویپ سائٹس کا بائیکاٹ کریں اوران کے قریب بھی نہ پھٹکیں اورقطعی طورپران میں نظرنہ دوڑائیں ، آپ اپنے معاشرے اورگھرمیں دعوتی کام کریں اس میں ہی خیرو بھلائ ہے ۔

بعض اوقات انسان اپنے دین پرپختہ ہوتے ہوئے ان ویپ سائٹس کوچلانے والوں سے رابطہ رکھتا ہے جس کی بنا پرشیطان بتدریج اسے حرام کام کرنے میں رغبت دلاتے ہوئے حرام کا ارتکاب کروادیتا ہے ، اورخاص کرجبکہ اس قسم کی ویپ سائٹس کی بھرمار ہے ، اوران کوچلانے والےاپنے خبث کی بنا پر اس نصیحت کرنے والے کوبتدریج غلط راہ پرلے جاتے ہیں اور اس کی ای میل کواپنی گندگی سے بھر دیں گے ۔

توآپ اللہ تعالی کا تقوی اختیارکرتے ہوئے ان پرفتن اورہلاکت سے پر جگہوں سے علیحدہ ہی رہیں اوراپنے دین کی حفاظت کرتے ہوئے ان فتنوں سے دوربھاگیں اور علم نافع اوراعمال صالحہ میں مشغول ہوں جو آپ کے لیے نفع کا باعث ہونگے ، آپ کے علم میں ہونا چاہئے کہ فساد کو دور کرنا مصلحت کی طلب سے مقدم ہوتی ہے ۔

واللہ اعلم .